# حاصلاتِ تعلم کے مطابق تشکیلی اور حتمی جانچ

**جماعت:** ہفتم **مضمون:** اُردو **سبق:**

**معیار:** پڑھنا

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-C-01)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| پاکستان چار صوبوں پر مشتمل اسلامی جمہوریہ ہے۔ صوبوں میں سندھ ، پنجاب، خیبر پختونخواہ اور بلوچستان شامل ہیں۔ ہر صوبہ پاکستان کی ترقی اور خوش حالی میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ تمام صوبوں کے رہنے والے پاکستانی ، اپنے وطن سے دلی محبت کرتے ہیں۔ گلگت، بلتستان اور کشمیر جیسے جنت نظیر خطے بھی پاکستان میں شامل ہیں۔ پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ یہاں وسیع و عریض میدان ہیں جن میں ہر طرح کی فصلیں اور خوش ذائقہ پھل پیدا ہوتے ہیں۔ فلک بوس پہاڑوں سے گیت گاتی آبشاریں اس کے حسن کو چار چاند لگاتی ہیں۔ پاکستان میں معیشت اور بیرونی تجارت کے فروغ کے لیے کراچی اور گوادر جیسی بندرگاہیں موجود ہیں۔<br>ا۔ پاکستان چار صوبوں پر مشتمل۔۔۔۔۔۔۔ موجود ہیں۔<br>۲۔ جنت نظیر کے کیا معنی ہیں؟<br>۳۔ "پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے" کا مفہوم بتائیں۔ | یاد میں لانا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| پاکستان چار صوبوں پر مشتمل اسلامی جمہوریہ ہے۔ صوبوں میں سندھ ، پنجاب، خیبر پختونخواہ اور بلوچستان شامل ہیں۔ ہر صوبہ پاکستان کی ترقی اور خوش حالی میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ تمام صوبوں کے رہنے والے پاکستانی ، اپنے وطن سے دلی محبت کرتے ہیں۔ گلگت، بلتستان اور کشمیر جیسے جنت نظیر خطے بھی پاکستان میں شامل ہیں۔ پاکستان قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ یہاں وسیع و عریض میدان ہیں جن میں ہر طرح کی فصلیں اور خوش ذائقہ پھل پیدا ہوتے ہیں۔ فلک بوس پہاڑوں سے گیت گاتی آبشاریں اس کے حسن کو چار چاند لگاتی ہیں۔ پاکستان میں معیشت اور بیرونی تجارت کے فروغ کے لیے کراچی اور گوادر جیسی بندرگاہیں موجود ہیں۔<br>ا۔ پاکستان کے جنت نظیر خطے کسے کہا گیا ہے؟<br>۲۔ پاکستان میں تجارت کے فروغ کے لیے کون سی بندرگاہیں ہیں۔<br>۳۔ عبارت پڑھ کر آپ کے دل میں کیا خواہش پیدا ہوئی ہے؟ | یاد میں لانا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-C-02)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبو بریک |
|---|---|---|---|
| نام دیو مالی کی کوئی اولاد نہ تھی وہ اپنے پودوں اور پیڑوں ہی کو اپنی اولاد سمجھتا تھا اور اولاد کی طرح ان کی پرورش اور نگہداشت کرتا۔ ان کو سرسبز اور شاداب دیکھ کر ایسا ہی خوش ہوتا جیسے ماں اپنے بچوں کو دیکھ کر خوش ہوتی ہے۔ ایک سال بارش بہت کم ہوئی۔ کنوؤں اور باولیوں میں پانی برائے نام رہ گیا۔ باغ پر آفت ٹوٹ پڑی۔ بہت سے پودے اور پیڑ تلف ہو گئے جو بچ رہے وہ ایسے نڈھال اور مرجھائے ہوئے تھے جیسے دق کے بیمار لیکن نام دیو کا چمن ہرا بھرا تھا۔ وہ دُور دُور سے ایک ایک گھڑا پانی کا سر پر اٹھا کے لاتا اور پودوں کو سینچتا۔ یہ وہ وقت تھا کہ قحط نے لوگوں کے اوسان خطا کر رکھے تھے اور اُنھیں پینے کو پانی مشکل سے میسر آتا تھا مگر یہ خدا کا بندہ کہیں نہ کہیں سے لے ہی آتا اور اپنے پودوں کی پیاس بجھاتا۔ جب پانی کی قلّت اور بڑھی تو اس نے راتوں کو بھی پانی ڈھو ڈھو کے لانا شروع کیا۔ پانی کیا تھا، یوں سمجھیے کہ آدھا پانی اور آدھی کیچڑ ہوتی تھی لیکن یہی گدلا پانی پودوں کے حق میں آبِ حیات تھا۔ میں نے اس بے مثل کار گزاری پر اسے انعام دینا چاہا تو اس نے لینے سے انکار کر دیا۔ شاید اس کا کہنا ٹھیک تھا کہ اپنے بچوں کو پالنے پوسنے میں کوئی انعام کا مستحق نہیں ہوتا۔<br>سوالات<br>ا۔ آفت ٹوٹ پڑنا سے کیا مراد ہے؟<br>۲۔ "اوسان خطا کرنا" کا کیا مطلب ہے؟<br>۳۔ "یہی گولا پانی پودوں کے حق میں آب حیات تھا" عبارت کا مفہوم بتایئے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبو بریک |
|---|---|---|---|
| نام دیو مالی کی کوئی اولاد نہ تھی وہ اپنے پودوں اور پیڑوں ہی کو اپنی اولاد سمجھتا تھا اور اولاد کی طرح ان کی پرورش اور نگہداشت کرتا۔ ان کو سرسبز اور شاداب دیکھ کر ایسا ہی خوش ہوتا جیسے ماں اپنے بچوں کو دیکھ کر خوش ہوتی ہے۔ ایک سال بارش بہت کم ہوئی۔ کنوؤں اور باولیوں میں پانی برائے نام رہ گیا۔ باغ پر آفت ٹوٹ پڑی۔ بہت سے پودے اور پیڑ تلف ہو گئے جو بچ رہے وہ ایسے نڈھال اور مرجھائے ہوئے تھے جیسے دق کے بیمار لیکن نام دیو کا چمن ہرا بھرا تھا۔ وہ دُور دُور سے ایک ایک گھڑا پانی کا سر پر اٹھا کے لاتا اور پودوں کو سینچتا۔ یہ وہ وقت تھا کہ قحط نے لوگوں کے اوسان خطا کر رکھے تھے اور اُنھیں پینے کو پانی مشکل سے میسر آتا تھا مگر یہ خدا کا بندہ کہیں نہ کہیں سے لے ہی آتا اور اپنے پودوں کی پیاس بجھاتا۔ جب پانی کی قلّت اور بڑھی تو اس نے راتوں کو بھی پانی ڈھو ڈھو کے لانا شروع کیا۔ پانی کیا تھا، یوں سمجھیے کہ آدھا پانی اور آدھی کیچڑ ہوتی تھی لیکن یہی گدلا پانی پودوں کے حق میں آب حیات تھا۔ میں نے | سمجھنا | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | اس بے مثل کار گزاری پر اسے انعام دینا چاہا تو اس نے لینے سے انکار کر دیا۔ شاید اس کا کہنا ٹھیک تھا کہ اپنے بچوں کو پالنے پوسنے میں کوئی انعام کا مستحق نہیں ہوتا۔<br>سوالات<br>۱۔ نام دیو مالی پودوں اور پیڑوں کی دیکھ بھال کس طرح کرتا تھا؟<br>۲۔ ایک سال بارش کم ہونے سے باغ کی کیا حالت ہوئی؟<br>۳۔ نام دیو نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟ |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-C-03)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| تیری فیّاضی نے ، ذرّوں کو بنایا آفتاب<br>بن گئے اونٹوں کے چرواہے زمانے کے امام<br><br>اَسود و اَحمر کی ، تُونے ختم کر ڈالی تمیز<br>ایک ہی صف میں بٹھائے تونے آقا و غلام<br>سوالات<br>ا۔ نظم کے قوافی بتائیں۔<br>۲۔ "تیری فیاضی" سے کیا مراد ہے؟<br>۳۔ شعر میں متضاد الفاظ آئیں تو اس کا کیا کہیں گے؟ | جانچ پرکھ کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| تیری فیّاضی نے ، ذرّوں کو بنایا آفتاب<br>بن گئے اونٹوں کے چرواہے زمانے کے امام<br><br>اَسود و اَحمر کی ، تُونے ختم کر ڈالی تمیز<br>ایک ہی صف میں بٹھائے تونے آقا و غلام<br>سوالات<br>ا۔ نظم "نعت" پڑھ کر سنائیں۔<br>۲۔ تیسرے شعر میں شاعر نے حضرت محمد ﷺ کی کیا صفت بیان کی ہے؟ | جانچ پرکھ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-C-04)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: عبارت پڑھ کر اس میں موجود معلومات اور تصورات کو اخذ کریں۔

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| علامہ محمد اقبال رحمۃاللہ علیہ کی نظر میں نوجوان کو سب سے پہلے اپنے آپ اور اپنی خودی کو پہچاننا چاہیے۔ انھیں خود اعتمادی ، خودداری اور اپنی ذات پر بھروسا کرنا چاہیے۔اس سلسلے میں ان کے درج ذیل اشعار نہایت عمدہ اور اعلیٰ ہیں۔<br>ترے صوفے ہیں افرنگی ترے قالین ہیں ایرانی<br>لہو مجھ کو رلاتی ہے جوانوں کی تن آسانی<br>علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ چاہتے ہیں کہ نوجوان زندگی میں آگے بڑھنے کے لیے مسلسل محنت کریں۔اللہ تعالیٰ پر کامل یقین رکھیں اور آپس میں باہمی اتفاق واتحاد سے رہیں۔<br>وہ سستی کاہلی کے خلاف تھے۔ وہ جانتے تھے کہ قرآنی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی زندگی میں کامیابی حاصل ہو سکتی ہے۔ جوابِ شکوہ کے درج ذیل اشعار میں انھوں نے واضح پیغام دیا ہے۔<br>ہر کوئی مست مئے ذوقِ تن آسانی ہے ، تم مسلمان ہو؟ یہ اندازِ مسلمانی ہے؟<br>حیدری فقر ہے ، نے دولت عثمانی ہے، تم کو اسلاف سے کیا نسبتِ روحانی ہے؟<br>وہ زمانے میں معزز تھے مسلمان ہو کر ، اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر<br>۱۔ عبارت کو درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔<br>۲۔اقبال کا نظریۂ خودی کیا ہے۔<br>۳۔علامہ اقبال اپنے اسلاف سے کیوں متاثر ہیں؟ | تجزیہ کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| علامہ محمد اقبال رحمۃاللہ علیہ کی نظر میں نوجوان کو سب سے پہلے اپنے آپ اور اپنی خودی کو پہچاننا چاہیے۔ انھیں خود اعتمادی ، خودداری اور اپنی ذات پر بھروسا کرنا چاہیے۔اس سلسلے میں ان کے درج ذیل اشعار نہایت عمدہ اور اعلیٰ ہیں۔<br>ترے صوفے ہیں افرنگی ترے قالین ہیں ایرانی<br>لہو مجھ کو رلاتی ہے جوانوں کی تن آسانی<br>علامہ اقبال رحمتہ اللہ علیہ چاہتے ہیں کہ نوجوان زندگی میں آگے بڑھنے کے لیے مسلسل محنت کریں۔اللہ تعالیٰ پر کامل یقین رکھیں اور آپس میں باہمی اتفاق واتحاد سے رہیں۔<br>وہ سستی کاہلی کے خلاف تھے۔ وہ جانتے تھے کہ قرآنی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی زندگی میں کامیابی حاصل ہو سکتی ہے۔ جوابِ شکوہ کے درج ذیل اشعار میں انھوں نے واضح پیغام دیا ہے۔<br>ہر کوئی مست مئے ذوقِ تن آسانی ہے ، تم مسلمان ہو؟ یہ اندازِ مسلمانی ہے؟<br>حیدری فقر ہے ، نے دولت عثمانی ہے، تم کو اسلاف سے کیا نسبتِ روحانی ہے؟<br>وہ زمانے میں معزز تھے مسلمان ہو کر ، اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر<br>۱۔ سبق "اقبال کا نوجوان" درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔<br>۲۔ نظم "شکوہ" سے دو بند پڑھیں۔<br>۳۔ نظم "جواب شکوہ" کے آخری دو بند بہ آوازِ بلند پڑھیں۔ | تجزیہ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-C-05)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبو.بریک |
|---|---|---|---|
| ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک بادشاہ کے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ وہ حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات کرے۔ جب اس کے دل میں یہ خواہش زیادہ شدید ہوئی تو اس نے اپنی سلطنت میں اعلان کرایا کہ جو مجھے حضرت خضر علیہ السلام سے ملوائے گا، میں اسے اپنی آدھی سلطنت بطور انعام دوں گا۔ یہ اعلان سننا تھا کہ بہت سے لوگ محل کی طرف دوڑے چلے آئے اور دعویٰ کیا کہ وہ بادشاہ سلامت کی ملاقات حضرت خضر علیہ السلام سے کرا دیں گے۔ بادشاہ نے انھیں شاہی مہمان رکھا، خوب کھلایا پلایا لیکن ان میں سے کوئی بھی بادشاہ کی یہ خواہش پوری نہ کر سکا۔ اس طرح کئی روز گزر گئے۔ اب بادشاہ مایوس ہو گیا تھا کہ شاید میری یہ خواہش کبھی پوری نہ ہو سکے۔<br>سوالات<br>ا۔ عبارت کو صحت الفاظ کے ساتھ پڑھیں۔ عبارت پڑھتے وقت اتار چڑھاؤ اور روانی کا خیال کیسے رکھیں۔<br>۲۔ بادشاہ کے دل میں کیا خواہش پیدا ہوئی۔ (پیرا گراف سے پڑھیں)<br>۳۔ بادشاہ نے خواہش پوری ہونے کی صورت میں کیا انعام رکھا؟<br>۴۔ لوگ محل کی طرف کیوں دوڑے چلے آئے؟ | یاد میں لانا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبو.بریک |
|---|---|---|---|
| ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک بادشاہ کے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ وہ حضرت خضر علیہ السلام سے ملاقات کرے۔ جب اس کے دل میں یہ خواہش زیادہ شدید ہوئی تو اس نے اپنی سلطنت میں اعلان کرایا کہ جو مجھے حضرت خضر علیہ السلام سے ملوائے گا، میں اسے اپنی آدھی سلطنت بطور انعام دوں گا۔ یہ اعلان سننا تھا کہ بہت سے لوگ محل کی طرف دوڑے چلے آئے اور دعویٰ کیا کہ وہ بادشاہ سلامت کی ملاقات حضرت خضر علیہ السلام سے کرا دیں گے۔ بادشاہ نے انھیں شاہی مہمان رکھا، خوب کھلایا پلایا لیکن ان میں سے کوئی بھی بادشاہ کی یہ خواہش پوری نہ کر سکا۔ اس طرح کئی روز گزر گئے۔ اب بادشاہ مایوس ہو گیا تھا کہ شاید میری یہ خواہش کبھی پوری نہ ہو سکے۔<br>سوالات<br>ا۔ بادشاہ نے کس بزرگ سے ملنے کی خواہش کی۔<br>۲۔ الفاظ کے معنی بتائیں۔<br>دعویٰ۔ خواہش۔ مایوس<br>۳۔ درج بالا عبارت صحت الفاظ کے ساتھ پڑھیں۔<br>۳۔ "دوڑے چلے آئے" روزمرہ کا مطلب بتائیں۔ | یاد میں لانا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-C-06)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| لطیفہ<br>استاد (شاگرد سے) "نیم حکیم کسے کہتے ہیں؟"<br>شاگرد: وہ حکیم جو نیم کے درخت پر بیٹھا ہو۔"<br>استاد (غصے سے): تو پھر اسے خطرہ جان کیوں کہتے ہیں؟<br>شاگرد: کیونکہ وہ گر سکتا ہے اور اس کی جان جانے کا خطرہ ہے۔"<br>سوالات<br>۱۔ مزاح کا خیال رکھتے ہوئے لطیفہ کو اتار چڑھاؤ سے کیسے پڑھا جائے گا؟<br>۲۔ الفاظ کے معنی بتائیں۔ نیم حکیم<br>۳۔ نیم حکیم اور نیم کے درخت سے کیا مراد ہے؟ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| لطیفہ<br>استاد (شاگرد سے) "نیم حکیم کسے کہتے ہیں؟"<br>شاگرد: وہ حکیم جو نیم کے درخت پر بیٹھا ہو۔"<br>استاد (غصے سے): تو پھر اسے خطرہ جان کیوں کہتے ہیں؟<br>شاگرد: کیونکہ وہ گر سکتا ہے اور اس کی جان جانے کا خطرہ ہے۔"<br>سوالات<br>۱۔ لطیفہ کا مفہوم بتائیں۔<br>۲۔ لطیفہ کو "مزاح" کا خیال رکھتے ہوئے پڑھیں۔<br>۳۔ اس لطیفہ سے آپ کو کون سا سبق ملتا ہے۔<br>۴۔ نیم حکیم سے کیا مراد ہے؟ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-C-07)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

<table>
<tr><th>تشکیلی جانچ</th><th>مہارت</th><th>نمبر</th><th>روبریک</th></tr>
<tr><td>


آسامی خالی ہے

وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں قائم سرکاری ادارے کو مندرجہ ذیل آسامی کے لیے تجربہ کار اور مستعد امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

<table>
<tr><th>نمبر شمار</th><th>آسامی کا نام</th><th>تعداد آسامی</th><th>ڈومیسائل /صوبائی کوٹہ</th><th>تعلیمی قابلیت اور تجربہ</th><th>عمر کی حد</th></tr>
<tr><td>1.</td><td>میڈیکل افیسر</td><td>1</td><td>پنجاب بشمول اسلام آباد</td><td>ایم بی بی ایس بمعہ متعلقہ شعبے میں بی پی ایس 17 یا مساوی گریڈ کا 5 سالہ تجربہ</td><td>25-35 سال</td></tr>
</table>

شرائط

1. عمر کی انتہائی حد کی معیاد میں رعایت مروجہ سرکاری قواعد کے مطابق دی جائے گی۔*
2. بعد از ہاؤس جاب جنرل پریکٹیشنر کے دو سالہ تجربے کے حامل درخواست گزاروں کو ترجیح دی جائے گی۔
3. صرف شارٹ لسٹڈ امیدواروں کو ٹیسٹ /انٹرویو کے لیے طلب کیا جائے گا اور کسی قسم کا ٹی اے ڈی اے نہیں دیا جائے گا۔
4. ادارہ کسی ایک یا تمام درخواست دہندگان کو بلا اظہار وجوہ منظور/ مسترد کرنے کا حتمی اختیار محفوظ رکھتا ہے۔

درخواستیں جمع کروانے کا طریقہ کار


1. درخواستیں اشتہار ہذہ کی اشاعت کے 15 یوم کے اندر زیر دستخطی کو پاکستان پوسٹ کے ذریعے PO.Box No. 1604 جی پی او اسلام آبا پر ارسال کی جا سکتی ہیں۔
2. درخواست کے ہمراہ تصدیق شدہ ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ اور تعلیمی اسناد کی نقول منسلک کرنا لازمی ہے بصورت دیگر درخواست مسترد کر دی جائے گی۔
3. سرکاری ملازمین اپنی درخواستیں محکمانہ وساطت سے ارسال کریں ۔ ادارے کی جاری کردہ این او سی نہ ہونے کی صورت میں امیدواروں کو انٹرویو کے لیے طلب نہیں کیا جائے گا۔

سیکشن آفیسر (ایڈمن)

PID(i):1040/22

سوالات

ا۔ یہ اشتہار کس آسامی کے لیے دیا گیا ہے۔<br>
۲۔اس اشتہار میں آسامیوں کی تعداد کتنی ہے<br>
۳۔ درخواست گزاروں کے لیے عمر کی کیا حد ہے۔
</td><td>یاد میں لانا</td><td></td><td></td></tr>
</table>

<table>
<tr><th>حتمی جانچ</th><th>مہارت</th><th>نمبر</th><th>روبریک</th></tr>
<tr><td>



آسامی خالی ہے

وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں قائم سرکاری ادارے کو مندرجہ ذیل آسامی کے لیے تجربہ کار اور مستعد امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

<table>
<tr><th>نمبر شمار</th><th>آسامی کا نام</th><th>تعداد آسامی</th><th>ڈومیسائل /صوبائی کوٹہ</th><th>تعلیمی قابلیت اور تجربہ</th><th>عمر کی حد</th></tr>
<tr><td>1.</td><td>میڈیکل افیسر</td><td>1</td><td>پنجاب بشمول اسلام آباد</td><td>ایم بی بی ایس بمعہ متعلقہ شعبے میں بی پی ایس 17 یا مساوی گریڈ کا 5 سالہ تجربہ</td><td>25-35 سال</td></tr>
</table>

شرائط

1. عمر کی انتہائی حد کی معیاد میں رعایت مروجہ سرکاری قواعد کے مطابق دی جائے گی۔*
2. بعد از ہاؤس جاب جنرل پریکٹیشنر کے دو سالہ تجربے کے حامل درخواست گزاروں کو ترجیح دی جائے گی۔
3. صرف شارٹ لسٹڈ امیدواروں کو ٹیسٹ /انٹرویو کے لیے طلب کیا جائے گا اور کسی قسم کا ٹی اے ڈی اے نہیں دیا جائے گا۔
4. ادارہ کسی ایک یا تمام درخواست دہندگان کو بلا اظہار وجوہ منظور/ مسترد کرنے کا حتمی اختیار محفوظ رکھتا ہے۔

درخواستیں جمع کروانے کا طریقہ کار

1. درخواستیں اشتہار ہذہ کی اشاعت کے 15 یوم کے اندر زیر دستخطی کو پاکستان پوسٹ کے ذریعے PO.Box No. 1604 جی پی او اسلام آبا پر ارسال کی جا سکتی ہیں۔
2. درخواست کے ہمراہ تصدیق شدہ ڈومیسائل، قومی شناختی کارڈ اور تعلیمی اسناد کی نقول منسلک کرنا لازمی ہے بصورت دیگر درخواست مسترد کر دی جائے گی۔
3. سرکاری ملازمین اپنی درخواستیں محکمانہ وساطت سے ارسال کریں ۔ ادارے کی جاری کردہ این او سی نہ ہونے کی صورت میں امیدواروں کو انٹرویو کے لیے طلب نہیں کیا جائے گا۔

سیکشن آفیسر (ایڈمن)

PID(i):1040/22


سوالات

ا۔ کس شہر کے لیے درخواستیں مطلوب ہیں؟<br>
۲۔ درخواست کے ہمراہ کیا منسلک کرنا لازمی ہے۔<br>
۳۔ سرکاری ملازمین اپنی درخواستیں کیسے ارسال کریں گے؟
</td><td>یاد میں لانا</td><td></td><td></td></tr>
</table>

# حاصلاتِ تعلم کے مطابق تشکیلی اور حتمی جانچ

**جماعت:** ہفتم **مضمون:** اُردو **سبق:**

**معیار:** لکھنا

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-D-02)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ۱۔ فلک بس کے کیا معنی ہیں؟<br>۲۔ "فلک بوس" کا جملہ بنائیں۔ | تخلیق کرنا | ۲ | ایک نمبر معنی بتانے کے<br>ایک نمبر درست جملہ بنانے کے |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل الفاظ و مرکبات کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔<br>نظم و ضبط۔ سرشت۔ طبّی معاون۔ دل فریب۔ رس گھولنا | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-D-03)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| مٹا ڈالے بتوں کو توڑ کر ادیام مرسل نے<br>دیا بندوں کو پھر اللہ کا ، پیغام مرسل نے<br>ا۔فرسل کے کیا معنی ہیں؟<br>۲۔ادیام سے کیا مراد ہے؟<br>۳۔شعر کا مفہوم بتائیں۔ | تجزیہ کرنا | | |

| حتمی جانچ: | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔<br>خلیل اللہ کو ، اس آگ کے انبار میں پھینکا<br>گل توحید گویا، تختۂ گلزار میں پھینکا<br>بروئے کار ، آیا آج بھی وہ نور پیشانی<br>ہوئی آگ ایک پل میں کوثر و تسنیم کا پانی | تجزیہ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-D-04)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| چاند میری زمیں، پھول میرا وطن (مکمل نظم)<br>۱۔ دہقان کسے کہتے ہیں؟<br>۲۔ "جرأتوں کے نشاں" سے شاعر کی کیا مراد ہے؟<br>۳۔ "تیرے اہلِ قلم، عظمتوں کی زبان" کا مفہوم بیان کریں۔ | جانچ پرکھ کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ملی نغمہ، چاند میری زمیں پھول میرا وطن<br>"ملی نغمہ" کا خلاصہ تحریر کریں۔ | | | |

حاصلاتِ تعلم:　　　(SLO:U-07-D-05)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: مضمون لکھ سکیں کم از کم ۲۵۰ الفاظ

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | رویو بریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ دستاویز سے کیا مراد ہے؟<br>۲۔ "دنیا ایک عالمی گاؤں بن گئی ہے" اس جملے کا مطلب لکھیں۔<br>۳۔ "ترسیل" کا معنی لکھیں اور جملہ بھی بنائیں۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | رویو بریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی نے دنیا میں کیسے انقلاب برپا کیا ہے؟<br>۲۔ جدید ٹیکنالوجی کے عنوان پر دو سو پچاس الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیں۔<br>۳۔ انفارمیشن ٹیکنالوجی فائدہ مند بھی ہے۔ | | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-D-06)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ بادشاہ کے دل میں کیا خواہش پیدا ہوئی؟<br>۲۔ چوتھے وزیر کی سرشت میں رحم کیوں تھا؟<br>۳۔ کمہار کا معنی لکھیں اور جملہ بنائیں۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ سبق "بادشاہ کی خواہش" کا خلاصہ لکھیں۔<br>۲۔ "سانچ کو آنچ نہیں" کے عنوان پر ۲۵۰ الفاظ پر مشتمل کہانی لکھیں۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-D-07)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: رسمی اور غیر رسمی خط لکھ سکیں۔ تخلیقی لکھائی۔

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| سلطان صلاح الدین ایوبی ۱۱۳۸ء میں عراق کے ایک شہر تکریت میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد نجم الدین ایوب قلعہ تکریت کے حاکم تھے۔ سلطان نے ابتدائی تعلیم دمشق کی جامع مسجد میں حاصل کی۔ صلاح الدین کی مجاہدانہ زندگی کا آغاز نور الدین زنگی کے دربار سے ہوا تھا۔ سلطان صلاح الدین کا چچا، نور الدین زنگی کے دربار میں سپہ سالار تھا۔ جب اس کے چچا کو مصر کی مہم پر بھیجا گیا تو اس نے اپنے بھتیجے صلاح الدین کو اپنے ساتھ لیا۔ فتح مصر کے کچھ عرصہ بعد نور الدین زنگی کا انتقال ہو گیا اور اس کا بیٹا جانشین بنا مگر کم عمری کی وجہ سے امراء اور وزراء میں اقتدار کے حصول کے لیے جنگ چھڑ گئی اور اس طرح ان کی حکمرانی کا شیرازہ بکھر گیا۔ آخر کار سلطان صلاح الدین نے ۱۱۶۹ء میں مخالفین کو شکست دے کر مصر میں ایوبی حکومت کی بنیاد رکھی۔<br>۱۔ مشاہیر کے حالات جاننا کیوں ضروری ہے۔<br>۲۔ بیت المقدس مسلمانوں کے لیے کیوں اہم ہے؟<br>۳۔ جانشین کا جملہ بنائیں۔<br>۴۔ غیر رسمی خط سے کیا مراد ہے؟ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ۱۔ سلطان صلاح الدین ایوبی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔<br>۲۔ کسی کتب فروش کے نام خط لکھ کر کوئی کتاب منگوائیں۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-D-08)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ مکالمے کے لغوی معنی کیا ہیں۔<br>۲۔ مکالمہ لکھتے وقت کلام کرنے والوں کے نام کس طرف لکھے جاتے ہیں؟<br>۳۔ مکالمے کا آغاز کیسا ہونا چاہیے۔<br>۴۔ مکالمے کی زبان کیسی ہونی چاہیے۔<br>۵۔ مکالمے میں جو کچھ لکھا جائے ، کیا وہ مختصر ، مدلل اور موضوع کے مطابق ہونا چاہیے۔<br>۶۔ مکالمے کا اختتام کیسے کرنا چاہیے۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| دو دوستوں کے درمیان کم از کم ۲۰۰ الفاظ پر مشتمل "سیر و سیاحت کی اہمیت" پر مکالمہ تحریر کریں۔<br>ا۔ کلام کرنے والوں کے نام درست سمت میں لکھے ہیں۔<br>۲۔ مکالمہ کا آغاز آداب و سلام سے ہے۔<br>۳۔ جملے مختصر مدلل اور موضوع کے مطابق ہیں۔<br>۴۔ املا درست ہے۔<br>۵۔ مکالمے کا اختتام دعائیہ ہے۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-D-09)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبرک |
|---|---|---|---|
| ا۔ انشائیہ پردازی میں درخواست کس لیے لکھی جاتی ہے؟<br>۲۔ عام طور پر درخواست سکول/کالج میں کس کے نام لکھی جاتی ہے؟<br>۳۔ درخواست کیا کسی بھی ادارے کے سربراہ کے نام لکھی جاتی ہے؟<br>۴۔ درخواست میں ابتدائی خاکہ، القاب، نفس مضمون اور اختتامیہ خاکہ کا خیال رکھنا کیوں ضروری ہے۔<br>۵۔ درخواست میں تاریخ لکھنا کیوں ضروری ہے۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبرک |
|---|---|---|---|
| پرنسپل کے نام اپنے بھائی کی شادی میں شرکت کے لیے چھٹی کی درخواست لکھیں۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-D-10)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبرک |
|---|---|---|---|
| روداد کا مطلب ہے کسی جلسے مشاعرے یا تقریب کا آنکھوں دیکھا حال بیان کرنا۔اس بیان میں کوئی مبالغہ یا اپنی طرف سے کوئی اضافہ نہیں ہوتا بلکہ واقعات کا مِن و عَن بیان ہوتا ہے۔ روداد نویسی میں اختصار، ترتیب اور حُسنِ بیان کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔<br>۱۔ روداد کی تعریف کیا ہے؟<br>۲۔ روداد میں کارروائی کتنی لکھی جاتی ہے۔<br>۳۔ روداد میں اپنی طرف سے کچھ لکھ سکتے ہیں۔<br>۴۔ کیا روداد تقریب کے موضوع کے مطابق لکھتے ہیں۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ: | مہارت | نمبر | روبرک |
|---|---|---|---|
| اپنے سکول میں منعقد ہونے والی "یوم اقبالؒ" کی تقریب کی روداد لکھیں جو کم از کم ۱۷۵ الفاظ پر مشتمل ہو۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-D-11)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: کم از کم ۱۷۵الفاظ پر مشتمل تبصرہ لکھیں۔ (تخلیقی لکھائی)

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
| --- | --- | --- | --- |
| ا۔ نظم و نثر میں طنز و مزاح سے کیا مراد ہے۔<br>۲۔ تضمین سے کیا مراد ہے۔<br>۳۔ پرانی گاڑی کیا مسائل پیدا کرتی ہے۔ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
| --- | --- | --- | --- |
| کبھی وقتِ خرام آیا، تو ٹائر کا سلام آیا<br>تھم اے رہ رو شاید، کوئی مشکل مقام آیا<br>ا۔ نظم "پرانی موٹر" کا خلاصہ تحری کریں۔<br>۲۔ نظم "پرانی موٹر" کے آخری شعر کی وضاحت کریں۔ | تخلیق کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم:     (SLO:U-07-D-12)

حاصلاتِ تعلم کی سطح: کم از کم ۱۰۰الفاظ پر مشتمل عبارت کی تلخیص (تخلیقی لکھائی)

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| کچھ عرصے بعد مولوی عبدالحق اورنگ آباد کو چھوڑ کر دلی چلے گئے اور ساتھ ہی انجمن کا دفتر حیدر آباد سے دلی منتقل کر دیا، کیوں کہ دلی ہندوستان کا صدر مقام تھا۔ ملک کے بارے میں سارے فیصلے وہیں ہوتے تھے۔ ان دنوں میں تحریک پاکستان اپنے عروج پر تھی۔ مولوی صاحب تحریک میں اردو زبان کی حفاظت کے حوالے سے شامل رہے۔ آخر کار ہندوستان کے مسلمانوں کی کوششوں سے ۱۴/ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان بن گیا مگر اس کے ساتھ ہی ہندو مسلم فسادات کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا۔ ان فسادات میں مسلمانوں کا بہت زیادہ جانی و مالی نقصان ہوا۔ فسادات کی وجہ سے انجمن کے دفتر کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ اس کا قیمتی کتب خانہ برباد ہوا اور ایک دو کارکن بھی شہید ہوئے۔<br>اُس واقعے ے بعد مولوی صاحب بہت دل برداشتہ ہوئے اور دوسرے ہندوستانی مسلمانوں کی طرح پاکستان آ گئے۔ کراچی میں انجمن کا دفتر قائم کیا اور ایک بار زور و شور سے اپنا کام شروع کر دیا۔ مولوی عبدالحق نے انجمن ترقی اُردو کے دفتر کی عمارت میں ہی اردو کالج کی بنیاد رکھی۔<br>۱۔ تلخیص اصل عبارت کا کتنے فیصد ہوتی ہے۔<br>۲۔ تلخیص کی ضرورت کیا ہے؟<br>۳۔ کیا تلخیص میں اصل عبارت کے اسلوب کو قائم رکھنا ضروری ہے؟ | تخلیق کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| کچھ عرصے بعد مولوی عبدالحق اورنگ آباد کو چھوڑ کر دلی چلے گئے اور ساتھ ہی انجمن کا دفتر حیدر آباد سے دلی منتقل کر دیا، کیوں کہ دلی ہندوستان کا صدر مقام تھا۔ ملک کے بارے میں سارے فیصلے وہیں ہوتے تھے۔ ان دنوں میں تحریک پاکستان اپنے عروج پر تھی۔ مولوی صاحب تحریک میں اردو زبان کی حفاظت کے حوالے سے شامل رہے۔ آخر کار ہندوستان کے مسلمانوں کی کوششوں سے ۱۴/ اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان بن گیا مگر اس کے ساتھ ہی ہندو مسلم فسادات کا سلسلہ بھی شروع ہو گیا۔ ان فسادات میں مسلمانوں کا بہت زیادہ جانی و مالی نقصان ہوا۔ فسادات کی وجہ سے انجمن کے دفتر کو بھی شدید نقصان پہنچا۔ اس کا قیمتی کتب خانہ برباد ہوا اور ایک دو کارکن بھی شہید ہوئے۔<br>اُس واقعے ے بعد مولوی صاحب بہت دل برداشتہ ہوئے اور دوسرے ہندوستانی مسلمانوں کی طرح پاکستان آ گئے۔ کراچی میں انجمن کا دفتر قائم کیا اور ایک بار زور و شور سے اپنا کام شروع کر دیا۔ مولوی عبدالحق نے انجمن ترقی اُردو کے دفتر کی عمارت میں ہی اردو کالج کی بنیاد رکھی۔<br>۱۔ اس عبارت کی تلخیص لکھیں نیز مناسب عنوان بھی تجویز کریں۔ | تخلیق کرنا | | |

# حاصلاتِ تعلم کے مطابق تشکیلی اور حتمی جانچ

**جماعت:** ہفتم **مضمون:** اُردو **سبق:**

**معیار:** زبان شناسی/قواعد

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-01)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ مندرجہ ذیل واحد کے جمع لکھیے۔<br>اسلم۔ حرف۔ نغمہ۔ سوال<br>۲۔ مندرجہ ذیل الفاظ کے واحد لکھیے۔<br>الفاظ۔ جوابات۔ نجوم۔ پیغامات | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل الفاظ میں سے جمع اور واحد الفاظ کو اُن کے متعلقہ کالم میں لکھیں۔<br>قسم۔ مضامین۔ استاد۔ علوم۔ عدد۔ آیات۔ مواقع۔ نتیجہ۔ اشارہ۔ مکالمہ<br>واحد جمع | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-02)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ مثال دے کر اسم کی وضاحت کیجیے۔<br>۲۔ مثال دے کر اسم ضمیر کی وضاحت کیجیے۔<br>۳۔ اسم اور اسم ضمیر کا فرق واضح کیجیے۔<br>۴۔ اسم ضمیر کی اقسام تحریر کیجیے۔<br>۵۔ تذکیر و تانیث کے حوالے سے اسم اور اسم ضمیر کی وضاحت کیجیے۔<br>۶۔ اسم ضمیر کی حالتوں کی مثال دے کر وضاحت کیجیے۔<br>۷۔ مثال دے کر اسم ضمیر اور اسم اشارہ کا فرق واضح کریں۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ اسم ضمیر کی حالتوں کا گوشوارہ بنا کر ذہن نشین کیجیے۔<br>حالت واحد غائب واحد جمع واحد حاضر جمع حاضر واحد متکلم جمع متکلم<br>فاعلی<br>مفعولی<br>اضافی<br>مجروری<br>۲۔ درج ذیل الفاظ میں سے اسم اور اسم ضمیر کو الگ الگ کریں اور متعلقہ کال میں لکھیں۔<br>والدہ۔ وہ۔ اُن۔ ہم۔ احمد۔ سلمہ<br>اسم اسم ضمیر<br>---- ---- | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-03)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ۱۔ متضاد الفاظ کی تعریف لکھیں۔<br>۲۔ لفظ تاریکی کا متضاد لکھیں۔<br>۳۔ لفظ نیکی کا متضاد لکھیں۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| 1۔ درج ذیل الفاظ کے متضاد لکھیں۔<br>شر۔ عام۔ امن۔ دن۔ نفرت<br>۲۔ کالم الف میں درج الفاظ کی مناسبت سے کالم ب میں درج اُن کے متضاد الفاظ سے ملائیں۔<br>الف ب<br>درست اسلام<br>کفر غلام<br>آزاد آسمان<br>زمین گندگی<br>صفائی غلط | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-04)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ متشابہ الفاظ کن الفاظ کو کہا جاتا ہے۔<br>۲۔ ارض لفظ کا متشابہ لفظ لکھیے۔<br>۳۔ لفظ سدا کا متشابہ لفظ لکھیں۔<br>۴۔ بلحاظِ املا، متشابہ الفاظ کی وضاحت کیجیے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل متشابہ الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ اُن کا مفہوم واضح ہو جائے۔<br>لفظ جملے<br>عَلَم<br>الم<br><br>اثر<br>عصر<br><br>آم<br>عام<br><br>حل<br>ہل | | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-05)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ گروہی (متلازم) الفاظ کی وضاحت کریں۔<br>۲۔ لفظ "باغ" کے گروہی (متلازم) الفاظ تحریر کریں۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ درج الفاظ کے گروہی (متلازم) الفاظ تحریر کریں۔<br>آسمان۔ کھیت۔ خاندان<br>۲۔ کالم الف میں درج الفاظ کو کالم ب میں درج اُن کے گروہی (متلازم) الفاظ سے ملائیں۔<br>الف: الفاظ — ب: متلازم الفاظ<br>سکول — قمیض۔ بٹن۔ کوٹ۔ بنیان<br>لباس — سبزی۔ ٹھیلے۔ دکانیں۔ بھکاری<br>بازار — دریا۔ بارش۔ ندی۔ سمندر<br>پانی — طالب علم۔ کلاس رومز۔ لائبریری۔ ہال | | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-06)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ حرفِ ندائیہ کی وضاحت کیجیے۔<br>۲۔ حروف تاسف کی وضاحت کیجیے۔<br>۳۔ حرفِ ندائیہ کی ایک مثال لکھیے۔<br>۴۔ حرفِ تاسف کی ایک مثال لکھیے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل حروف میں سے حروفِ ندائیہ اور حروفِ تاسف کو الگ الگ کر کے لکھیں۔<br>یااللہ !<br>آہ !<br>اے لوگو !<br>ہے ہے !<br>پیارے ابا جان !<br>ہائے ہائے !<br><br>حرفِ ندائیہ ------ حروفِ تاسفہ -------- | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-07)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ علامت تفصیلیہ کی وضاحت کریں۔<br>2۔ علامت تفصیلیہ کے استعمال کی ایک مثال تحریر کیجیے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| صحیح کا نشان لگا کر علامتِ تفصیلیہ کے درست استعمال والے جملوں کی نشان دہی کریں۔<br>ا۔ علامہ اقبال (شاعرِ مشرق) لاہور میں دفن ہیں۔<br>۲۔ لاہور کے تاریخی مقامات کے نام یہ ہیں۔<br>۳۔ پاکستان کے تین بڑے شہروں کے نام یہ ہیں۔<br>۴۔ اے لوگو! سچ بولا کرو۔<br>۵۔ ملتان شہر ان چیزوں کے لیے مشہور ہے۔ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-08)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ۱۔اسم معرفہ کی تعریف لکھیں۔<br>۲۔اسم معرفہ کی ایک مثال لکھیے۔<br>۳۔اسم علم کی وضاحت کیجیے۔<br>۴۔اسم علم کی اقسام کے نام تحریر کیجیے۔ | جانچ پرکھ کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل اسمائے معرفہ کو بامعنی جملوں میں استعمال کیجیے۔<br>علامہ اقبال۔ لاہور۔ اُردو۔ دریائے سندھ۔<br>کالم الف میں درج اسمائے علم کو کالم ب میں درج اُن کی اقسام سے ملائیں۔<br>اسم علم — قسم<br>کلّو — خطاب<br>غالب — لقب<br>قائدِاعظم — کنیت<br>شمس العلماء — تخلص<br>ابنِ مریم — عرف | جانچ پرکھ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-09)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ فعل ماضی کی وضاحت کیجیے۔<br>۲۔ فعل ماضی کی ایک مثال تحریر کیجیے۔<br>۳۔ فعل ماضی کی اقسام تحریر کیجیے۔<br>۴۔ ماضی مطلق کی تعریف لکھیں۔<br>۵۔ فعل ماضی قریب کی ایک مثال لکھیے۔ | جانچ پرکھ کرنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ ہدایت کے مطابق دیئے گئے جملوں کو فعل ماضی کی قسم میں تبدیلی کریں۔<br>اکرم نے سبق پڑھا۔ (فعل ماضی قریب میں تبدیل کریں۔)<br>بچے آگئے ہیں۔ (فعل ماضی بعید میں تبدیل کریں)<br>ہم نے شیر دیکھا تھا۔ (فعل ماضی مطلق میں تبدیل کریں)<br>۲۔ کالم الف میں درج فعل ماضی کی قسم کو کالم ب میں درج اُس کی مثال سے ملائیں۔<br>فل ماضی کی قسم — مثال<br>ماضی استمراری — کاش تم محنت کرتے۔<br>ماضی شکیہ — بارش ہو رہی تھی۔<br>ماضی تمنائی — آمنہ نے سبق پڑھا ہو گا۔ | جانچ پرکھ کرنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-10)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ سابقہ کس لفظ کو کہتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔<br>۲۔ لاحقہ کس لفظ کو کہتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔<br>۳۔ سابقہ کی ایک مثال لکھیے۔<br>۴۔ لاحقہ کی ایک مثال لکھیے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل سابقوں سے تین تین لفظ بنائیں۔<br>لا: ------- ------- -------<br>فا: ------- ------- -------<br>اَن: ------- ------- -------<br>درج ذیل سابقوں سے تین تین لفظ بنائیں۔<br>کش: ------- ------- -------<br>زار: ------- ------- -------<br>مند: ------- ------- -------<br>درج ذیل مرکبات میں سابقوں اور لاحقوں سے جڑے مرکبات الگ الگ کریں۔<br>دین دار۔ بے انتہا۔ سنگ دل۔ طاقت ور<br>سابقہ مرکبات لاحقہ مرکبات | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-11)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ لغت کس قسم کی کتاب کو کہتے ہیں۔<br>۲۔ تھیسارس کس قسم کی کتاب کو کہتے ہیں۔<br>۳۔ لغت اور تھیسارس کا فرق واضح کیجیے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| لغت کی مدد سے درج ذیل الفاظ کے معنی تلاش کریں اور بامعنی جملے بنائیں۔<br>بقا معنی جملے<br>ترسیل ------ ------------<br>گامزن ترسیل ------ ------------<br>دستاویز ترسیل ------ ------------<br>تھیسارس کی مدد سے درج ذیل الفاظ کے تین مترادف لکھیے۔<br>الفاظ ترسیل مترادف<br>اُردو زبان ------ ------ ------<br>ٹیکنالوجی ------ ------ ------<br>گھر ------ ------ ------ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-12)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ مفرد جملہ کس جملے کو کہتے ہیں۔<br>۲۔ مرکب جملے کی وضاحت کیجیے۔<br>۳۔ ایک مفرد ملہ لکھیے۔<br>۴۔ مرکب جملے کی ایک مثال لکھیے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| مندرجہ ذیل جملوں میں سے مفرد اور مرکب جملوں کو پہچان کر ان کے سامنے صحیح کا نشان لگائیے۔<br>جملے<br>ا۔ عائشہ محنتی ہے۔ مفرد مرکب<br>۲۔ احمد آیا لیکن اسلم چل دیا۔<br>۳۔ طلبہ نے سبق پڑھا۔<br>۴۔ بارش تھی اس لیے بچے نہیں آئے۔<br>۵۔ جو محنت کرے گا اُسے کامیابی ملے گی۔<br>۶۔ لڑکی کھیل رہی تھی۔ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-13)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ استعارہ کی تعریف لکھیں۔<br>۲۔ استعارہ کی ایک مثال لکھیے۔<br>۳۔ استعارہ کے ارکان کے نام لکھیے۔<br>۴۔ ایک مثال دے کر ارکانِ استعارہ کی وضاحت کیجیے۔ | سمجھنا | | |

| حتمی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| مندرجہ ذیل مثالوں میں استعارہ کی نشان دہی کیجیے۔<br>ا۔ عرب کا چاند طلوع ہوا تو کفر کے اندھیر چھٹ گئے۔<br>۲۔ پاکستانی شیروں نے بھارتی گیدڑوں کو مار بھگایا۔<br>۳۔ میں بُلبلِ نالاں ہوں اِک اُجڑے گلستاں کا<br><br>اس کی پلکوں پہ موتی چمک رہے ہیں<br>اس مثال میں ارکانِ استعارہ کی وضاحت کریں۔ | سمجھنا | | |

حاصلاتِ تعلم: (SLO:U-07-E-14)

حاصلاتِ تعلم کی سطح:

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| ا۔ بے جان اور جان دار اشیاء کے حوالے سے تذکیر و تانیث کا فرق واضح کریں۔<br>۲۔ اردو میں بے جان اسما کی تذکیر و تانیث کا فرق کیسے پہچانا جاتا ہے۔<br>۳۔ بادشاہ اور باجی میں کون سا اسم مذکر ہے؟<br>۴۔ درد اور میز میں کون سا لفظ مؤنث ہے؟ | سمجھنا | | |

| تشکیلی جانچ | مہارت | نمبر | روبریک |
|---|---|---|---|
| درج ذیل جملوں میں مذکر کو مؤنث میں تبدیل کر کے جملہ دوبارہ لکھیے۔<br>ا۔ باورچی کھانا پکا رہا تھا۔<br>۲۔ دھوبی نے کپڑے دھوئے۔<br>۳۔ بادشاہ ہنس رہا ہے۔<br>۴۔ میرے والد بہت شفیق ہیں۔<br><br>تذکیر و تانیث کے حوالے سے درج ذیل جملے درست کیجیے۔<br>ا۔ دس روپے کی دہی لاؤ۔<br>۲۔ میں نے اخبار خریدی۔<br>۳۔ کتاب میر پر رکھا ہے۔<br>۴۔ میرے سر میں درد ہو رہی ہے۔ | سمجھنا | | |

روبریک

| 9-10 | 5-8 | 3-5 | 0-2 |
|---|---|---|---|
| درست املا | املا کی چند غلطیاں | اِملا کی کچھ اغلاط | بہت زیادہ املا کی اغلاط |
| موضوع کے بالکل مطابق الفاظ کا انتخاب | چند غیر موزوں الفاظ کا انتخاب | کچھ نامناسب الفاظ کا انتخاب | غیر متعلقہ / مناسب الفاظ کا انتخاب |
| جملوں کی مکمل درستگی | چند جملوں میں غلطیاں | جملوں میں کچھ اغلاط | غیر مناسب جملہ سازی |
| عبارت میں روانی ار تسلسل ہے | روانی کافی حد تک مناسب ہو | کچھ جملے ترتیب سے ہٹ کر ہیں | روانی کا فقدان |

ریویور کمنٹس

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

نام اور دستخط...........................................................